لیاری میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی سیکٹر کمیٹی کے رکن مراد بلوچ کو فائرنگ کر کے شہید کردیا

مراد بلوچ کا قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی، مراد بلوچ کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6/اگست 2008ء۔۔لیاری میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر کمیٹی کے رکن مراد محمد بلوچ کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق مراد بلوچ منگل کولیاری کے علاقے ایک موٹر گیراج میں موٹر سائیکل بنوار ہے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کی۔انہیں شدید زخمی حالت میں اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ طبی امداد ملنے سے قبل ہی شہید ہوگئے۔مراد بلوچ ایم کیوایم کے سرگرم کارکن تھے اور یوسی 8 رانگی واڑہ کی زکوٰۃ کمیٹی کے چیئرمین بھی تھے۔شہید کے سوگواران میں دو بیوہ، 9 بچے اور چار بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مراد محمد بلوچ کے سفاکانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور قتل کی واردات کوشہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مراد بلوچ کا قتل اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ لیاری میں جرائم پیشہ عناصر کھلے عام بے گناہ شہریوں کا قتل کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مراد بلوچ کے سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور لیاری کو جرائم پیشہ دہشت گردوں سے پاک کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے مراد بلوچ شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں مراد محمد بلوچ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

کالم نگار ارشد حسین کی کتاب ''پاکستان اور حوّا کی بیٹی'' کی تقریب رونمائی جمعرات 7 اگست کو آرٹس کونسل میں ہوگی

تقریب میں معروف دانشور، ادیب اور قلمکار شرکت کریں گے

کراچی۔۔۔6/اگست 2008ء۔۔۔معروف کالم نگار ومصنف ارشد حسین کی نئی تصنیف ''پاکستان اور حوّا کی بیٹی'' شائع ہوگئی ہے، کتاب 232 صفحات پر مشتمل ہے جس میں مصنف ارشد حسین نے پاکستانی معاشرے میں خواتین پر ڈھائے جانیوالے مظالم کے حقیقی واقعات اور خواتین کے بنیادی حقوق کا جامع انداز میں تذکرہ کیا ہے۔کتاب کے سرورق پر رسیوں اور زنجیر سے جکڑی مظلوم عورت کو آگ میں جلتا دکھایا گیا ہے۔کتاب کی تقریبِ رونمائی 7/اگست بروز جمعرات شام 5 بجے آرٹس کونسل کراچی میں ایم کیوایم کے کلچرل اینڈ لٹریری فورم کے زیراہتمام منعقد ہوگی۔تقریب کی صدارت معروف دانشور وادیب ڈاکٹر فرمان فتح پوری کرینگے جبکہ تقریب میں شیخ الجامعہ ڈاکٹر پیرزادہ قاسم، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، معروف ڈرامہ نگار، قلمکار ودانشور محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، جسٹس (ر) محترمہ ماجدہ رضوی، پروفیسر سحر انصاری، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، کراچی کی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور محترمہ خوش بخت شجاعت شامل ہیں۔''پاکستان اور حوا کی بیٹی'' ارشد حسین کی دوسری تصنیف ہے ان کی پہلی کتاب ''حالات کے تقاضے'' عوام میں مقبول ہے اور اس کے چار ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں۔

☆☆☆☆☆